# علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد
## (شعبہ ابلاغ عامہ)

### وارننگ

عزیز طلبہ! آپ یہ بات ذہن نشین کر لیں کہ:

1- اگر آپ اپنی امتحانی مشق میں کسی اور کی تحریر میں سے مواد چوری کر کے لکھیں گے یا آپ اپنی امتحانی مشق کسی دوسرے طالب علم سے لکھوائیں گے تو آپ سرٹیفیکیٹ یا ڈگری سے محروم ہو سکتے ہیں خواہ اس کا علم کسی بھی مرحلہ پر ہو جائے۔

2- کسی دوسرے طالب علم سے ادھار لی گئی یا چوری کی گئی امتحانی مشق پر علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی اسلام آباد کی "مواد کی چوری" Plagiarism پالیسی کے مطابق سزا دی جائے گی۔

### مشقیں جمع کرانے کا اوقات نامہ

| 6 کریڈٹ آورز کورس | مقررہ تاریخ | 3 کریڈٹ آورز کورس | مقررہ تاریخ |
|---|---|---|---|
| مشق نمبر 1 | 15-12-2026 | -- | -- |
| مشق نمبر 2 | 08-01-2027 | مشق نمبر 1 | 08-01-2027 |
| مشق نمبر 3 | 30-01-2027 | -- | -- |
| مشق نمبر 4 | 20-02-2027 | مشق نمبر 2 | 20-02-2027 |
| نوٹ: ٹیوٹوریل شیڈول (رہنمائے طلبہ) علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی کی ویب سائٹ www.aiou.edu.pk پر موجود ہے | | | |

کورس: اصول صحافت۔(430)　　　　سمسٹر: خزاں، 2026ء

سطح: بی اے / ایسوسی ایٹ ڈگری　　　　کریڈٹ: 6

### برائے مہربانی امتحانی مشقیں حل کرنے سے پہلے درج ذیل ہدایات کو غور سے پڑھیے

### (ہدایات برائے میٹرک، ایف اے، بی اے پروگرامز)

1- تمام سوالات کے نمبر مساوی ہیں البتہ ہر سوال کی نوعیت کے مطابق نمبر تقسیم ہوں گے۔

2- سوالات کو توجہ سے پڑھیے اور سوال کے تقاضے کے مطابق جواب تحریر کیجئے۔

3- مقررہ تاریخ کے بعد / تاخیر کی صورت میں امتحانی مشقیں اپنے ٹیوٹر کو بھیجنے کی صورت میں تمام تر ذمہ داری طالب علم پر ہو گی۔

4- آپ کے تجرباتی اور نظریاتی طرزِ تحریر کی قدر افزائی کی جائے گی۔

5- غیر متعلقہ بحث / معلومات اور کتب، سٹڈی گائیڈ یا دیگر مطالعاتی مواد سے ہو بہو نقل کرنے سے اجتناب کیجئے۔

کل نمبر: 100 | کامیابی کے نمبر(AD/BA): 50/40

## امتحانی مشق نمبر 1

(یونٹ 1 تا 4)

سوال نمبر 1: صحافت کی تعریف، نوعیت اور فرائض کو مد نظر رکھتے ہوئے یہ تجزیہ کریں کہ کیا موجودہ دور میں صحافت اپنے بنیادی مقاصد حاصل کر رہی ہے؟ (20)

سوال نمبر 2: برصغیر اور پاکستان میں صحافت کی تاریخی ترقی کا تقابلی جائزہ لیتے ہوئے واضح کریں کہ مختلف ادوار نے موجودہ صحافت کی شکل کو کیسے متاثر کیا ہے؟ (20)

سوال نمبر 3: خبر کے عناصر اور نیوز ویلیوز کی روشنی میں تجزیہ کریں کہ ایک ہی واقعہ مختلف میڈیا اداروں میں مختلف انداز میں کیوں پیش کیا جاتا ہے؟ (20)

سوال نمبر 4: ایک اچھے رپورٹر کی خصوصیات اور ذمہ داریوں کا تنقیدی جائزہ لیتے ہوئے وضاحت کریں کہ جدید دور میں رپورٹنگ کے تقاضوں میں کیا تبدیلیاں آئی ہیں؟ (20)

سوال نمبر 5: خبر کے ذرائع اور رپورٹنگ کے طریقہ کار کا تجزیہ کریں اور بیان کریں کہ غیر مصدقہ یا جانبدار معلومات صحافت کی ساکھ کو کس طرح متاثر کرتی ہیں؟ (20)

کل نمبر: 100 | کامیابی کے نمبر(AD/BA): 50/40

## امتحانی مشق نمبر 2

(یونٹ 5 تا 9)

سوال نمبر 1: خبر نویسی کے اصول اور Inverted Pyramid کی ساخت کو مد نظر رکھتے ہوئے تجزیہ کریں کہ یہ انداز قاری تک معلومات مؤثر طریقے سے پہنچانے میں کس حد تک کامیاب ہے؟ (20)

سوال نمبر 2: ادارت (ایڈیٹنگ) کے عمل اور سب ایڈیٹر کے کردار کا تنقیدی جائزہ لیتے ہوئے وضاحت کریں کہ ایک خبر کو مؤثر اور قابلِ اشاعت بنانے میں ایڈیٹنگ کیوں ضروری ہے؟ (20)

سوال نمبر 3: فیچر اور خبر کے درمیان فرق کو واضح کرتے ہوئے تجزیہ کریں کہ فیچر نگاری قاری کی دلچسپی اور فہم کو کیسے بڑھاتی ہے؟ (20)

سوال نمبر 4: اداریہ اور کالم نویسی کے کردار کا جائزہ لیتے ہوئے وضاحت کریں کہ رائے نگاری عوامی سوچ اور رائے عامہ کی تشکیل میں کیسے اثر انداز ہوتی ہے؟ (20)

سوال نمبر 5: صحافتی اخلاقیات اور پریس قوانین کو مد نظر رکھتے ہوئے تجزیہ کریں کہ آزادیٔ صحافت اور ذمہ دار صحافت کے درمیان توازن کیسے قائم کیا جاسکتا ہے؟ (20)

کل نمبر: 100　　　　　　　　　　کامیابی کے نمبر(AD/BA): 50/40

## امتحانی مشق نمبر 3

(یونٹ 10 تا 13)

سوال نمبر 1: پراپیگنڈا اور معلوماتی صحافت میں فرق کو واضح کرتے ہوئے تجزیہ کریں کہ جدید ڈیجیٹل میڈیا نے ان دونوں کے درمیان حد کو کس طرح متاثر کیا ہے؟ (20)

سوال نمبر 2: ذاتی اور پیشہ ورانہ انٹرویو میں فرق کی وضاحت کریں نیز انٹرویو کی تیاری کے اصول کریں۔ (20)

سوال نمبر 3: ایک صحافی کے لیے قانونی پابندیوں اور اخلاقی ذمہ داریوں کے درمیان توازن قائم کرنا کیوں ضروری ہے؟ مثالوں کے ساتھ وضاحت کریں۔ (20)

سوال نمبر 4: گزشتہ چند برسوں میں پاکستان میں صحافتی قوانین کے حوالے سے ہونے والی پیش رفت کا ذکر کریں۔ (20)

سوال نمبر 5: پاکستانی میڈیا میں صحافتی ضابطۂ اخلاق پر عملدرآمد کے مسائل کا تنقیدی جائزہ لیتے ہوئے وضاحت کریں کہ ان مسائل کے حل کے لیے کیا اقدامات کیے جاسکتے ہیں؟ (20)

کل نمبر: 100　　　　　　　　　　کامیابی کے نمبر(AD/BA): 50/40

## امتحانی مشق نمبر 4

(یونٹ 14 تا 18)

سوال نمبر 1– غیر رسمی تعلیم میں ذرائع ابلاغ کے کردار کا تجزیہ کریں اور بیان کریں کہ میڈیا کس طرح عوامی شعور میں اضافہ کرتا ہے؟ (20)

سوال نمبر 2– جدید پرنٹنگ ٹیکنالوجیز اور ڈیجیٹل میڈیا کے اثرات کا تجزیہ کریں کہ انہوں نے روایتی صحافت کو کس طرح تبدیل کیا ہے؟ (20)

سوال نمبر 3– صدارتی طرز حکومت کی خوبیاں اور خامیاں بیان کریں۔ (20)

سوال نمبر 4– معاشی پالیسیوں کی تشکیل میں میڈیا کے کردار کا تجزیہ کریں اور بیان کریں کہ میڈیا عوامی رائے کو کس طرح متاثر کرتا ہے؟ (20)

سوال نمبر 5– صحافت کو بطور پیشہ پاکستان میں کیا مشکلات درپیش ہیں؟ مثالوں سے وضاحت کریں۔ (20)